## 34183 ـ اسٹریلیا كے حجاج كرام كا میقات

**سوال**

ہم اسٹريليا ميں رہتے ہيں ، اور اس برس بہت سارے اسٹريلين مسلمان فريضہ حج كی ادائيگي كے ليے جائيں گے ، مثلا ہم سڈنی سے سفر كريں گے اورتين جگہوں ميں سے ايك ہوائي اڈا پہلا سٹاپ ہوگا : جدہ ، ابوظبی ، بحرين ، توہمارے احرام كا ميقات كہاں ہوگا ؟
كيا ہم سڈنی سے احرام باندھيں گے يا كسی اورجگہ سے ؟ اميدہے كہ آپ جواب سے نوازيں گے آپ كا شكريہ ۔

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

نہ توسڈنی اورنہ ہی ابوظبی اوربحرين حج اورعمرہ كے ليے ميقات ہے ، اورنہ ہی آپ جيسے لوگوں كے ليے جدہ ہی ميقات ہے بلكہ يہ تواس كے رہائشی لوگوں كے ليے ميقات ہے ۔

بلكہ تم پرواجب ہے كہ تم فضائي راستے سے گزرواورمكہ جانے كا ارادہ ہو توسب سے پہلے ميقات سے احرام باندھو كيونكہ رسول كريم صلی اللہ عليہ وسلم نے ميقات مقرر كرتے وقت فرمايا تھا : '

( يہ اہل ميقات كے ليے بھی ميقات ہيں اوران كےليے بھی جوحج اورعمرہ كرنے كےليے يہاں سے گزريں ان كے ليے بھی ميقات ہيں ) ۔

اورآپ كےليے يہ ممكن ہے كہ آپ ہوائي جہاز كے عملہ كے اركان سے ميقات سے گزرنے سے قبل ہی ميقات كا پوچھ ليں ، اوراگر آپ لوگ ميقات سے قبل ہی احرام پہن ليں اوراس خدشہ سے كہ كہيں بغير احرام ہی ميقات سے تجاوز نہ كرجائيں ميقات سے قبل ہی تلبيہ بھی كہہ ليں تواس ميں كوئي حرج نہيں ۔

اوررہا مسئلہ احرام كی تياری يعنی غسل اورصفائي وغيره اوراحرام كی چادريں پہنناتويہ ( ميقات سے قبل )كسی بھی جگہ ہوسكتی ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفيق بخشنے والا ہے ۔ .